۵۔ صفحہ ۴۲۹ سے مولانا ابوالرضا محمد عطاء اللہ قاسمی بہاری مرحوم کا رسالہ "ترغیم حزب الشیطان بتصویب حفظ الایمان" ہے جو کتاب کے ۵۰۰ صفحات تک ہے۔

کتاب کے آخر میں ایک فتویٰ درج کیا گیا ہے۔

دعواتِ حق (جلد دوم)

افادات : مولانا عبدالحق صاحب

ضبط و ترتیب: مولانا سمیع الحق

ناشر : مؤتمر المصنفین، دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک، ضلع پشاور

صفحات ۵۲۵ ۔ قیمت ۴۰/- روپے

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب (دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) کی شخصیت کسی رسمی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ مولانا علم و فضل میں یگانۂ روزگار شخصیت کے مالک ہیں اور وعظ و نصیحت میں ان کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ سالہاسال سے تدریسی خدمات میں مصروف ہیں اور اب تک ہزاروں تشنگانِ علوم کو مستفیض فرما چکے ہیں۔ دعا ہے، اللہ تعالیٰ اس چشمۂ فیض کو جو انھوں نے جاری فرمایا ہے، ہمیشہ قائم رکھے۔

مولانا ممدوح کے افادات کا سلسلہ بڑا وسعت پذیر ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب "دعواتِ حق" (جلد دوم) اس کی ایک مفید اور مضبوط کڑی ہے۔ اس میں ان کے وہ مواعظ اور خطبے جمع کیے گئے ہیں، جو انھوں نے مختلف عیدوں اور جمعوں میں ارشاد فرمائے۔ یہ افادات دس ابواب میں منقسم ہیں اور ہر باب کا ایک مستقل عنوان قائم کر کے اس کے ماتحت مختلف ضمنی عنوانات قائم کیے گئے ہیں۔ مرتبِ کتاب مولانا سمیع الحق نے اس سلسلے میں بڑے سلیقے سے کام لیا ہے اور کتاب کو مضامین کے لحاظ سے عمدگی سے ترتیب دیا ہے۔

مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ کا اندازِ بیان بڑا میٹھا، اثر انگیز اور شگفتہ ہے۔ انھوں نے جس موضوع کو چھیڑا ہے، چھوٹے چھوٹے جملوں اور عام فہم اسلوب میں اس کی پوری وضاحت فرما دی ہے۔ اسلام کے مختلف گوشوں کو سمجھنے اور دین کی حقانیت کو حیطۂ فکر میں لانے کے لیے یہ کتاب بڑی سودمند ہے۔ یوں تو یہ کتاب ہر طبقے کے لیے فائدہ مند ہے، لیکن مقرروں، واعظوں اور خطیبوں کے لیے بالخصوص بہترین شی ہے۔

(م۔ ا۔ ب)